وزیر اعظم نے بھوٹان کے وزیر اعظم سے کی ملاقات

15 مارچ، 2024

وزیر اعظم جناب نریندر مودی نے مورخہ 15 مارچ، 2024 کو بھوٹان کے وزیر اعظم عزت مآب ڈیشو شیرنگ ٹابگے سے ملاقات کی۔

شیرنگ ٹابگے ہندوستان کے سرکاری دورے پر ہیں، جو فروری 2024 میں عہدہ سنبھالنے کے بعد کسی بھی بیرون ملک کے پہلے دورے ہیں۔

دونوں رہنماؤں نے دوطرفہ شراکت داری کے مختلف شعبوں میں پیش رفت کا جائزہ لیا جن میں بنیادی ڈھانچے کی ترقی، اتصالیت، توانائی، ہائیڈرو پاور میں باہمی تعاون، عوام سے عوام کے تبادلے اور ترقیاتی تعاون شامل ہیں۔ انہوں نے خصوصی اور منفرد ہندوستان بھوٹان دوستی کو مزید تقویت بخشنے کے اپنے عزم کا اعادہ کیا۔

بھوٹان کے وزیر اعظم نے بھوٹان کی ترقیاتی ترجیحات میں ایک قابل اعتماد، بھروسہ مند اور قابل قدر شراکت دار کے طور پر ہندوستان کے کردار کی ستائش کی۔

بھوٹان کے بادشاہ کی جانب سے پی ایم شیرنگ ٹوبگے نے وزیر اعظم مودی کو اگلے ہفتے بھوٹان کے دورے کی دعوت دی۔ جسے وزیر اعظم نے قبول کر لیا۔

نئی دہلی
15 مارچ 2024